سوال

کیا خاوند اور بیوی کے لیے جائز ہے کہ وہ ٹیلی فون پر جنسی بات چیت کریں جس سے شھوت میں انگیخت پیدا ہو اور دونوں یا کسی ایک کا انزال ہو جائے (ہاتھ کے استعمال کے بغیر اس لیے کہ یہ حرام ہے) ؟ ایسا ہوتا رہتا ہے اس لیے کہ میرا خاوند ہمیشہ مسافر رہتا اور ہم چار ماہ بعد ہی آپس میں ایک دوسرے کو دیکھتے ہیں ۔

جواب

ہمہ قسم کی حمد اللہ تعالی کے لیے ، اور درود و سلام ہوں اللہ کے رسول پر ، بعد ازاں :

ہم نے مندرجہ بالا سوال فضیلۃ الشیخ محمد بن صالح عثیمین رحمہ اللہ تعالی کے سامنے رکھا تو ان کا جواب تھا :

اس میں کوئی حرج والی بات نہیں ایسا کرنا جائز ہے ۔

سوال : ؟

اگر انزال مشت زنی (یعنی ہاتھ استعمال کرنے) سے ہو ؟

جواب : ہاتھ استعمال کرنے میں نظر ہے ، ایسا کرنا جائز نہیں لیکن اگر زنا کا ڈر ہو تو ۔

سوال ؟

ہاتھ استعمال کرنے کے بغیر کوئی مانع نہیں ؟

جی ہاں ہاتھ استعمال کرنے کے بغیر کوئی مانع نہیں ، وہ یہ تصور کرے کہ بیوی اس کے ساتھ ہے تو اس میں کوئی حرج نہیں ۔ اھ

دونوں کو اس پر متنبہ رہنا چاہیے کہ ان کی کلام کوئی اور نہ سن رہا ہو یا پھر ان کی کوئی جاسوسی نہ کر رہا ہو ۔

واللہ تعالی اعلم .

الشیخ محمد بن صالح العثیمین

4807